

## ہمیں کہانیوں کی تلاش ہے!

کیا آپ نے پچھلے موسمِ گرما کے دوران کیمپنگ کی یا رضاکارانہ طور پر کام کیا یا اپنے ساتھیوں کی قیادت کی؟ اس دوران ہونے والے مزاحیہ یا دلچسپ تجربات، قابلِ ذکر واقعات، نئے نظریات یا مہارتیں وغیرہ؟
یہ سب ہم آپ سے سننا چاہتے ہیں!

**info@swissask.ca** پر ای میل کے ذریعے ہمیں اپنی کہانی سنائیں۔

SASKATCHEWAN SWIS COORDINATION
SSC

www.swissask.ca

### مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں:

EAST CENTRAL NEWCOMER WELCOME CENTRE
YORKTON
(306) 783-2777

THE HUMBOLDT REGIONAL NEWCOMER CENTRE
(306) 682-4277

MOOSE JAW MULTICULTURAL COUNCIL
(306) 693-4677

PRINCE ALBERT YWCA
(306) 763-0736

REGINA OPEN DOOR SOCIETY
(306) 352-3500

SASKATOON OPEN DOOR SOCIETY
(306) 653-4464

SOUTHEAST NEWCOMER SERVICES
ESTEVAN
(306) 637-4920

SOUTHWEST NEWCOMER WELCOME CENTRE
SWIFT CURRENT
(306) 778-6262

SASKATCHEWAN SWIS COORDINATION
SSC

Funded by: Financé par :

Immigration, Refugees and Citizenship Canada
Immigration, Réfugiés et Citoyenneté Canada

# کیا آپ اس موسمِ گرما میں فارغ ہیں؟

**Urdu/ اردو**



SASKATCHEWAN SWIS COORDINATION
SSC

## آپ اپنا ٹیلنٹ اور علم دوسروں تک پہنچا رہے ہیں۔

ساس کے چوان میں خوبصورت یونیورسٹی کیمپس اور کالجوں میں بچوں اور نوجوانوں کے لیے **سمر'ڈے کیمپس'** ایک محفوظ، پُر تفریح اور کثیر النوع تعلیمی تجربہ فراہم کرتے ہیں۔

یہ کیمپ کمیونٹی اور تعاون پر زور دیتے ہیں اور ایک ایسا پُرتپاک اور جامع پلیٹ فارم بنانے کی کوشش کرتے ہیں جو پوری زندگی سیکھنے میں دلچسپی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

'ذاتی تجربات' سے منسلک کرنے والے اور کیمپ کے شرکاء کو ان کے مستقبل کے ممکنہ تجربات سے روشناس کروانے والے پروگراموں پر توجہ مرکوز کرنے کے مقصد سے مختلف کمیونٹیز ہر عمر کے گروپ کے لیے آرٹ اور ڈیزائن کا امتزاج، پرفارمنگ آرٹ کی سرگرمیاں، صحت اور فٹنس، ماحول دوست سائنس اور قائدانہ نصاب پیش کرتی ہیں۔ نوجوان موسمِ گرما بعد از سیکنڈری ماحول اور اس کے متعدد مواقعوں میں کھوجتے، سیکھتے اور دوست بناتے ہوئے گزارتے ہیں۔

کیمپ کے شرکاء کی عمر 8 سے 14 سال کے درمیان ہوتی ہے اور وہ متنوّع پسِ منظر سے تعلق رکھتے ہیں۔

## بھرپور شرکت کریں!

بطور رضاکار آپ کی شرکت کمیونٹیوں / طبقات کو مضبوط بنانے میں مدد کرتی ہے۔ بہت سی تنظیمیں ایسے نوجوانوں کی تلاش میں ہیں جو ان کی صفوں میں شامل ہو سکیں اور یہ تنظیمیں ان کے لیے مختلف قسم کے پروگراموں کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔

یہ نوجوانوں کی ترقی، صحت مند زندگی اور سماجی ذمہ داری میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہیں۔ جب آپ ان پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں تو آپ اپنے آس پاس بامعنی اور پائیدار تبدیلی لانے میں ایک فعال کردار ادا کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کو کینیڈا کا تجربہ حاصل کرنے اور نئے دوست بنانے کا موقع بھی ملتا ہے۔










## نوجوان اور رضاکارانہ کام : ایک پُر لطف تجربہ!!

اکثر رضاکارانہ طور پر کام کرنے والے لوگ کہتے ہیں کہ وہ اس تجربے میں جتنا دیتے ہیں اُس سے کہیں زیادہ حاصل کرتے ہیں۔ اپنا وقت اور توانائی دینے سے آپ اپنے بارے میں اچھا محسوس کرتے ہیں اور اس سے آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔ دوسرے رضاکاروں کے ساتھ کام کرنے سے ایک جیسی دلچسپیاں رکھنے والے لوگوں سے دوستیاں ہوتی ہیں اور آپ کو جاننے والے لوگوں کا نیٹ ورک قائم ہوتا ہے۔ بعد ازاں زندگی میں مواقعوں کے لحاظ سے اکثر آپ جن لوگوں کو جانتے ہیں اُن سے آپ کو مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر آپ نے رضاکارانہ کام کیا ہو تو بعض اوقات یہ روزگار کا ذریعہ بھی بن جاتا ہے۔

ہر کسی کے پاس مہارت، ٹیلنٹ، علم، تجربہ، شخصیت یا جذبہ ہوتا ہے۔ ہم میں سے ہر ایک منفرد ہے اور دوسروں تک پہنچانے کے لیے کوئی نہ کوئی قابلِ قدر خصوصیت رکھتا ہے۔

## موسمِ گرما کی سرگرمیوں کے لیے ہدایات

پبلک اسکول، شہر اور شہری حکومتیں، مقامی کالج، کمیونٹی کی تنظیمیں، عجائب گھر، آرٹ گیلریاں، لائبریریاں اور دیگر غیر منافع بخش گروپ بچوں اور نوجوانوں کے لیے موسمِ گرما کی سرگرمیوں کے لیے ایک وسیع انتخاب پیش کرتے ہیں۔ (اکثر سیٹلمنٹ ایجنسیاں عمر کے مختلف گروہوں کے لیے خصوصی پروگرام ترتیب دیتی ہیں۔)

**موسمِ گرما کے دوران** بہت سے پروگرام **بلامعاوضہ** ہوتے ہیں۔

**ساس کے چوان میں بچوں اور نوجوانوں کے لیے موسمِ گرما کی سرگرمیاں بلا معاوضہ اور کم لاگت پر دستیاب ہیں۔**

**اپنے شہر یا کمیونٹی کے تفریحی شعبوں سے رابطہ کریں۔**